BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# 100 دن: سٹی کی جانب سے کووڈ-19 کے خلاف ردعمل کے بارے میں تازہ ترین معلومات

برامپٹن، آن (6 مئی 2020) - سٹی آف برامپٹن کی جانب سے کووڈ-19 کے خلاف منعقد کی جانے والی اپنی پہلی ایمرجینسی آپریشنز سنٹر میٹنگ کے بعد آج 100واں دن ہو گیا ہے۔

مارچ کے مہینے کے بعد جب صورت حال گھمبیر ہونے لگی، تو سٹی نے اپنی کمیونٹی کی صحت اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کئی اقدامات اٹھائے ہیں مثلاً سہولت گاہوں کو بند کیا گیا، پروگرام منسوخ کر دیے گئے اور ہنگامی صورت حال کا اعلان کر دیا گیا۔

شہر کی سب سے کمزور کمیونٹیوں اور معیشت پر وائرس کے تباہ کن اثرات کی اہمیت کا اعتراف کرتے ہوئے میئر اور کونسلرز نے ضرورت مند افراد کی مدد کے لیے چار خصوصی ٹیموں اور پروگراموں کا اعلان کیا ہے: یعنی میئر کی کووڈ-19 اکنامک سپورٹ، سوشل سپورٹ، سینئرز سپورٹ اور یوتھ سپورٹ ٹاسک فورسز اور بیک یارڈ گارڈن پروگرام تشکیل دیے گئے ہیں۔

مقامی شراکت داروں، رضاکاروں اور کاروباری اداروں کی معاونت سے، ان ٹاسک فورسز نے شہر بھر میں ہزاروں لوگوں کی مدد کی ہے۔

**سرخیاں**

*بیک یارڈ گارڈن پروگرام*

- آج تک پروگرام میں شرکت کے لیے 11,000سے زیادہ درخواستیں موصول ہوئی ہیں (تقریباً 5،000 ویٹنگ لسٹ میں موجود ہیں)۔ یہ پروگرام اب اپنی گنجائش کے مطابق چل رہا ہے۔

*اکنامک سپورٹ ٹاسک فورس*

- 5,000 سے زائد کاروباروں کی جانب سے معاونت شدہ: یعنی ون ٹو ون سپورٹ اور مشاورت، ورچوئل سیمینارز اور تربیت، نئی کووڈ-19 ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کاروائیوں کو آگے بڑھانے اور قانون سازی کرنے میں مدد، کاروباری اداروں کو آگے بڑھنے میں اضافی وسائل سے معاونت۔
- کووڈ-19 اور اس کے ممکنہ حل کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے تقریباً 900 چھوٹے کاروباروں کو ٹیلی ہال کے ذریعے شامل کیا گیا۔
- تفریحی اختیارات کی فراہمی جاری رکھنے کے لیے آن لائن پیش کشوں میں شخصی فنون اور ثقافت کے پروگراموں کے فروغ سے فنکاروں کی معاونت کی گئی جبکہ رہائشیوں کے لیے بھی تفریح کے مواقع میسر آئے۔

*سینئر سپورٹ ٹاسک فورس*

- معلومات اور وسائل سے متعلق 280 درخواستوں میں معاونت فراہم کی گئی اور گروسری کی 113 گزارشات پر عمل کیا گیا۔
- سٹی کے کھیلوں اور پروگراموں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے لیے ایسی 35 کمیونٹی تنظیموں کے ساتھ منسلک رہے، جو بزرگ افراد کو خدمات فراہم کر رہی ہیں۔
- ایک سینئرز ڈیجیٹل کیفے شروع کرنے میں معاونت فراہم کی گئی جس کا مقصد عمر رسیدہ افراد کی فلاح و بہبو ہے اور اس کے علاوہ عمر رسیدہ افراد کے گروپس کو دو ٹیلیفون ٹاؤن ہالز کے ذریعے بھی وابستہ رکھا گیا۔
- مقامی گروسری شاپس کے ساتھ شراکت داری کی: لونگو، انڈیا بازار فری پکس اور فورٹینوز کے تعاون سے، آن لائن آرڈر مکمل کرنے سے قاصر بزرگ افراد کے لیے ادائیگی کارڈ پروگرام کی تیاری۔

*سوشل سپورٹ ٹاسک فورس*

- فوڈ ڈسٹری بیوشن اینکرز کے ساتھ شراکت کی مدد سے ہنگامی خوراک تقسیم کرنے کا ایک نظام تیار کیا: ری جنریشن، نائٹس ٹیبل، خالصہ ایڈ اور یونائیٹڈ سکھ پچھلے سات ہفتوں میں برامپٹن کے رہائشیوں کو 1،500 سے زیادہ کھانوں اور دیگر سامان کریانہ کی فراہمی کی گئی ہے - جو ہر ہفتے اوسطا 215 کھانے بنتی ہے۔ اتنا سب کچھ شاید خدمت کے جذبے سے سرشار ایسے رضا کاروں کے بغیر ممکن نہ ہوتا جنہوں نے مجموعی طور پر 550 گھنٹوں کی خدمت میں حصہ لیا ہے۔
- اس کے علاوہ اینکر فوڈ ڈسٹری بیوٹرز کی مدد کے لیے ایک سنٹرلائزڈ نظام قائم کیا۔ مجموعی طور پر 31،699 پاؤنڈ فوڈ عطیات موصول ہوئے ہیں، اسی طرح دیگر 40 معاملات (ہر معاملے میں 100 پیس) جو ٹیک آؤٹ کنٹینرز اور 6،000 کلامشیل کنٹینرز پر مشتمل ہیں۔
- ایک علاقے میں اپنی مرضی سے کیمپوں می رہائش پذیر 3 افراد کو رہائش، مالی معاونت اور ان کی جانب سے دیگر درخواست کردہ امدادوں تک رسائی مہیا کی گئی۔

*یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس*

- ایک یُوتھ سروے کا آغاز کیا گیا، جس میں 14-29 سال کے نوجوانوں سے یہ دریافت کیا گیا کہ کووڈ-19 ان کی زندگیوں کو کیسے متاثر کر رہا ہے۔ آج تک 200 سے زیادہ نوجوان جواب دے چکے ہیں۔
- خدشات کے بارے میں سننے اور درخواست کے مطابق مدد فراہم کرنے کے لیے نوجوانوں کی خدمت کرنے والی 35 تنظیموں سے دو ہفتہ وار بنیادوں پر ملاقاتیں کی گئیں۔
- گھر پر رہنے کے دوران نوجوانوں کو متحرک اور مصروف رکھنے کے لیے انسٹاگرام لائیو چیٹس سے لے کر ٹک ٹاک ویڈیوز کی تفریح اور آن لائن سرگرمیوں کی میزبانی کی۔ اس ہفتے سٹی کی جانب سے نیشنل یوتھ ویک (1-7 مئی) منعقد کیا جا رہا ہے جس میں مفت اور ورچوئل سرگرمیاں پیش کی جائیں گی۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

دستیاب وسائل کے بارے میں مزید معلومات اور یہ کہ اس وقت کے دوران مدد کیسے فراہم کی جائے کے بارے میں مزید معلومات www.brampton.ca/COVID19 پر دستیاب ہے۔

**اقتباسات**

"جسمانی طور پر ایک دوسرے سے دوری پر رہتے ہوئے بھی، ہماری کمیونٹی نے ممکن حد تک مؤثر اور معنی خیز انداز میں اتحاد کیا ہے۔ رہائشیوں، شراکت داروں اور مقامی کاروباری اداروں نے کووڈ-19 کے اثرات سے سب سے زیادہ کمزور افراد کو مدد فراہم کرنے کی اپنی کوششیں جاری رکھی ہیں۔ اب جبکہ ہم شہر کو بالآخر دوبارہ کھولنے کے منتظر ہیں، تو ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ہمارے پاس ابھی بہت کام باقی ہیں۔ میری گزارش ہے کہ رہائشی اس راستے پر گامزن رہیں، ہمارے ماہرین صحت کے مشوروں پر عمل کریں اور ایک دوسرے کی مدد کے لیے پرعزم اور ہمیشہ پیش پیش رہیں۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"اپنی ٹیم، رہائشیوں اور کاروباری اداروں کی شمولیت اور محنت کے ذریعے ہم نے کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے میں خاطر خواہ کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ ہم اپنی کمیونٹی کی صحت اور حفاظت کے لیے اپنی ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے اور ضرورت مند لوگوں کو مدد اور معاونت فراہم کرتے رہیں گے۔"

*- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

BRAMPTON

**Media Release**


مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca